## ایم کیوایم نے تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان کی نااہلی کیلئے اسپیکر قومی اسمبلی کے پاس ریفرنس کر دیا

## ریفرنس پر وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر شیر افگن سمیت پارٹی کے 10 اراکین پارلیمنٹ کے دستخط ہے

## غیر اخلاقی سرگرمیوں میں ملوث فرد کو پارلیمنٹ کا رکن رہنے کا کوئی حق نہیں، آئندہ بھی ایسے فرد پر الیکشن لڑنے پر پابندی عائد ہونی چاہیئے۔ ریفرنس دائر کرنے کے بعد ایم کیوایم کے ارکان پارلیمنٹ کی مشترکہ پریس کانفرنس

اسلام آباد۔۔۔12 جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان پارلیمنٹ نے تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان کی نااہلی کا ریفرنس آج اسپیکر قومی اسمبلی کے پاس دائر کر دیا ہے۔اس ریفرنس پر وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر شیر افگن سمیت ایم کیوایم کے 10 اراکین پارلیمنٹ نے دستخط کئے ہیں۔ ریفرنس میں مؤقف اختیار کیا گیا ہے کہ عمران خان غیر اخلاقی سرگرمیوں میں ملوث رہا ہے، غیر ملکی عدالتیں اس بارے میں فیصلہ دے چکی ہیں، عمران خان نے الیکشن کمیشن کے پاس بھی غلط معلومات کا حلف نامہ درج کرایا ہے۔ ریفرنس دائر کرنے کے بعد متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز وقومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی کے رکن ووفاقی وزیر بابر غوری اور رکن قومی اسمبلی حیدر عباس رضوی نے مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کیا۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے اراکین پارلیمنٹ نے اسپیکر قومی اسمبلی چوہدری امیر حسین کے پاس عمران خان کیخلاف نااہلی کا ریفرنس دائر کیا ہے جو آئین کی شق 63،62 کے تحت جمع کرایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس ریفرنس کی تیاری میں دنیا بھر میں موجود ایم کیوایم کے کارکنوں نے مدد کی اور ثبوت جمع کئے ہیں۔ اس ریفرنس میں حلف نامے میں غلط معلومات فراہم کرنے جیسے الزامات بمع ثبوت دیئے گئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ سیتا وائٹ کیس میں لاس اینجلس کی عدالت عمران خان کیخلاف فیصلہ دے چکی ہے، عمران خان بغیر شادی کے بچی پیدا کر چکے ہیں، بچی کی والدہ نے عدالت میں مقدمہ کیا تھا۔ انہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ ہم نے ریفرنس دائر کرنے سے قبل مختلف ممتاز وکلاء سے مشاورت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پرامن جماعت ہے، ایم کیوایم کے تمام اراکین الیکشن لڑنے سے قبل حلف دیتے ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے بتایا کہ وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر شیر افگن اس ریفرنس میں ہمارے ساتھ ہیں اور ان کے دستخط بھی اس ریفرنس پر ہیں جبکہ ایم کیوایم کے ڈاکٹر فاروق ستار، ڈاکٹر عامر لیاقت حسین، اقبال محمد علی، اسرار العباد، شمیم صدیقی، سید صفوان اللہ، بابر غوری سمیت دیگر اراکین نے ریفرنس پر دستخط کئے ہیں اور جب یہ ریفرنس دائر کیا گیا اس وقت 19 اراکین قومی اسمبلی اور 6 سینیٹر موجود تھے۔ حیدر عباس رضوی نے بتایا کہ ریفرنس میں سیتا وائٹ کیس کو بھی اجاگر کیا گیا ہے اس کیس میں عینا لوزا سیتا وائٹ نے لاس اینجلس عدالت میں مقدمہ درج کیا تھا کہ عمران خان انکی بیٹی کے والد ہیں، عدالت نے اس کیس میں عمران خان کیخلاف فیصلہ دیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ اسپیکر اس ریفرنس میں پابند ہیں کہ کیس کو 30 دن کے اندر اندر الیکشن کمیشن کو بھیجیں اور الیکشن کمیشن کو 90 دن میں اس کیس پر فیصلہ کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کے متعلق مکمل ثبوت اور شواہد کے ساتھ ہم نے ریفرنس دائر کیا ہے اور اس سلسلے میں ہمیں دوسری پارٹیوں کی بھی مدد حاصل ہے۔ ایم کیوایم کے سینیٹر بابر غوری نے بتایا کہ عمران خان کیخلاف ہمارے پاس تمام ثبوت موجود ہیں غیر اخلاقی سرگرمیوں میں ملوث فرد کو پارلیمنٹ کا رکن رہنے کا کوئی حق حاصل نہیں ہے، آئندہ بھی ایسے فرد پر الیکشن لڑنے پر پابندی عائد ہونی چاہیئے۔ پریس کانفرنس کے موقع پر وفاقی وزراء، سید صفوان اللہ، محمد شمیم صدیقی، عامر لیاقت حسین اراکین قومی اسمبلی اقبال محمد علی، عبدالوسیم، دیوداس، عبدالقادر خانزادہ، نواب مرزا ایڈوکیٹ، عابد علی امنگ، اخلاق حسین عابدی، پرویز قریشی اور نثار پہنور بھی موجود تھے۔

## اے پی ایم ایس او کے 29 ویں یوم تاسیس کے موقع پر دنیا بھر سے تہنیتی پیغامات

کراچی ۔۔۔ 11، جون 2007ء

پاکستان سمیت دنیا کے مختلف ممالک میں مقیم مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد اور ایم کیوایم کے کارکنان وہمدردوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کو اور ایم کیوایم کے کارکنان وعوام کو اے پی ایم ایس او کے 29 ویں یوم تاسیس کی دلی مبارکباد پیش کی ہے اور حق پرستانہ جدوجہد میں عزم وہمت کے ساتھ ہرممکن کردار ادا کرنے کے عہد کی تجدید کی ہے ۔متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر پاکستان سمیت دنیا کے مختلف ممالک سے فیکس ،ای میل اور ٹیلی فون کالوں کے ذریعے تہنیتی پیغامات میں کہا گیا ہے کہ جامعہ کراچی کی ایک طلباء تنظیم کے بطن سے جنم لینے والی عوامی تحریک آج دنیا بھر میں مقبول عام ہے اور ملک بھر کے عوام ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہوکر فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف عملی جدوجہد کررہے ہیں ۔پیغامات میں ایم کیوایم کے تمام شہید کارکنان کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ ایم کیوایم کے پرعزم کارکنان حق پرست شہداء کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کریں گے اور جس مقصد کیلئے شہداء نے اپنی جانوں کے نذرانے دیئے اس مشن ومقصد کے حصول کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔تہنیتی پیغامات میں جناب الطاف حسین کی درازی عمر ،صحت وتندرستی کیلئے دعائیں بھی کی گئیں اور حق پرستی کی جدوجہد میں ہر کڑے وقت میں عزم وحوصلے کے ساتھ جدوجہد کرنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا ہے۔

## بلدیہ ٹاؤن یوسی نائب ناظم قاری ہارون اور ہزارہ برداری، پختون برادری اور میانیوالی برادری کے سینکڑوں افراد کی متحدہ میں شمولیت

کراچی ۔۔۔ 11، جون 2007ء

گلشن غازی یوسی 1 بلدیہ ٹاؤن کے یوسی نائب ناظم قاری ہارون کے ہمراہ ہزارہ برادری ،پختون برادری اور میانیوالی برادری کے سینکڑوں افراد نے 98 فیصد عوام کے حقوق کی عملی جدوجہد اور جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے ۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے تحت گلشن غازی بلدیہ ٹاؤن میں منعقدہ ایک بڑے اجتماع میں کیا جس میں مختلف برادریوں کے نوجوانوں ، بزرگوں اور خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔اجتماع سے حق پرست رکن قومی اسمبلی عابد علی امنگ ، بلدیہ ٹاؤن کے حق پرست ناظم کامران اختر اور ایم کیوایم پنجابی پختون آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے خطاب کیا۔اپنے خطاب میں مقررین نے کہا کہ 12 مئی کے بعد مختلف برادریوں کے افراد کی ایم کیوایم میں شمولیت کا سلسلہ جاری رہنا اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ ایم کیوایم کے خلاف کی جانے والی گھناؤنی سازش کا پردہ چاک ہوچکا ہے اور ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام نے اتحاد کا مظاہرہ کرکے ایم کیوایم کے خلاف سازشوں کو ناکام بنادیا ہے ۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ملک بھر کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کو ان کے بنیادی حقوق دلانا چاہتی ہے اور اس سلسلے میں عملی جدوجہد کررہی ہے ۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے عمل وکردار کو دیکھتے ہوئے پاکستان کی تمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد جوق در جوق متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیار کررہے ہیں ۔انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والی ہزارہ، پختون ،میانیوالی برادریوں کے سینکڑوں افراد اور منتخب نمائندے کا زبردست خیر مقدم کیا اور انہیں مبارکباد پیش کی ۔

## بیلجئم میں اے پی ایم ایس او کا 29 واں یوم تاسیس منایا گیا ہر آزمائش اور کٹھن وقت میں تحریک کے ہراول دستے کا کردار ادا کریں گے۔ بیلجئیم یونٹ

برسلز ۔۔۔ 11 جون 2007ء

ایم کیوایم بیلجئیم یونٹ کی جانب سے اے پی ایم ایس او کے 29 ویں یوم تاسیس پر ایک پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں ایم کیوایم بیلجئیم یونٹ کے ذمہ داران وکارکنان وخواتین اور ہمدردوں نے شرکت کی اور قائد تحریک الطاف حسین کو یوم تاسیس کی دل کی گہرائیوں سے مبارک باد پیش کی ۔اے پی ایم ایس او کے 29 ویں یوم تاسیس کے موقع پر تمام کارکنان وہمدردوں نے قائد تحریک سے ''تجدید عہد وفا'' ، کرتے ہوئے اس بات کا عزم کیا کہ باطل قوتیں اور سازشی عناصر چاہے کتنے مظالم کرلیں لیکن ہمیشہ کی طرح اس بار بھی فتح سچ اور حق کی ہوگی ،ظلم وجبر اور منفی پروپیگنڈہ ہمیں اور عوام کو اپنے محبوب قائد اور تحریک سے جدا نہیں کرسکتا اور آج ہم سب اپنے قائد تحریک سے مرتے دم تک قائد اور تحریک کا وفادار رہنے کا عہد کرتے ہیں اور عہد کرتے ہیں کہ ہر آزمائش اور کٹھن وقت میں بیلجئیم کے ساتھی انشااللہ تحریک کے ہراول دستے کا کردار ادا کریں گے ۔تقریب میں قائد تحریک کی عمر درازی اور صحت سلامتی کیلئے دعا کی گئی ۔

## ایم کیوایم ڈیرہ غازی خان یونٹ کے زیراہتمام اے پی ایم ایس او کا 29 واں یوم تاسیس منایا گیا

ڈیرہ غازی خان۔11 جون 2007ء

ایم کیوایم ڈیرہ غازی خان یونٹ کے زیراہتمام گزشتہ روز اے پی ایم ایس او کا 29 واں یوم تاسیس منایا گیا۔اس تقریب میں ڈیرہ غازی خان یونٹ کے ذمہ داران وکارکنان ،خواتین اور ہمدردوں نے شرکت کی۔یوم تاسیس کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم ڈیرہ غازی خان کے ذمہ دار شیخ فضل الرحمٰن نے کہا کہ 11 جون 1978ء کو قائد تحریک نے جس اے پی ایم ایس او کی بنیاد رکھی تھی اس کو آج 29 برس کا عرصہ ہو چکا ہے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے اپنی 28 سالہ شبانہ روز جدوجہد کے نتیجے میں صوبہ سندھ کی دوسری بڑی سیاسی جماعت اور ملک کی تیسری بڑی سیاسی جماعت بن کرابھری اور خدمت خلق کے جذبے کے تحت ملک کے 98 فیصد غریب ومتوسط اور جائز بنیادی حقوق سے محروم طبقے کیلئے جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے خلاف یہ گھناؤنی سازش اسلئے کی گئی کہ وہ ملک کے 98 فیصد محروم طبقے کے حقوق کے حصول کیلئے جدوجد کررہی ہے اور قائدتحریک جناب الطاف حسین نے خودکو 98 فیصد محروم ومظلوم عوام کیلئے خودکووقف کردیا ہے،تحریک کا پیغام ملک بھر میں پھیل رہا ہے اور انشاءاللہ وہ دن دور نہیں جب قائدتحریک الطاف حسین کی رہنمائی میں 98 فیصد عوام اپنے حقوق حاصل کریں گے۔اجلاس میں تمام ذمہ داران وکارکنان نے اے پی ایم ایس او کے 29 یوم تاسیس کے موقع پر اپنے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ تمام تر سازشی ہتھکنڈوں اور منفی پروپیگنڈوں کے باوجو قائدتحریک جناب الطاف حسین کی رہنمائی میں ملک کے غریب ومتوسط طبقے کے حقوق کے حصول تک جدوجہد جاری رکھیں گے۔

☆☆☆☆☆